# سبق - ۱۱

# نانی کا گاؤں

شاداں اپنی ماں کے ساتھ نانی کے گاؤں گئی۔ نانی کا گاؤں چھوٹا سا ہے۔ شاداں کے ماموں بھی وہیں رہتے ہیں۔ ان کے گھر کے سامنے ایک بڑا آنگن ہے۔ آنگن میں چاروں طرف گملے ہیں۔ گملوں میں پھولوں کے پودے ہیں۔ آنگن کے بیچوں بیچ ایک کنواں ہے۔ کنویں میں مچھلیاں اور مینڈک ہیں۔ ایک طرف اِملی کا پیڑ ہے۔ اس کی گھنی چھاؤں میں بچّے کھیلتے ہیں۔ پیڑ پر پرندوں کے گھونسلے ہیں۔ شاداں گرمیوں میں نانی کے گھر رہنا پسند کرتی ہے۔

## ✻ آئیے، پڑھیں:

گاؤں   شاداں   مچھلیاں   چھاؤں   ماموں

آنگن   گملوں   کنواں   مینڈک   پرندوں   گھونسلے

## مشق

## ✻ پڑھیے اور لکھیے:

مَیں   ماں   ہاں   ہیں   یہاں   وہاں   کہاں   جہاں   افشاں

پھانک   جھانک   مانگ   ٹانگ   سانس   پھانس   چاند   مانڈ   میں   گرمیوں

دانت مانجھ۔   پاؤں پونچھ۔   چڑیوں کا گھونسلا۔   چولھے کا دھواں۔   سانپ کا پھن۔

## ✻ خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھیے:

(۱) شاداں اپنی ................ کے ساتھ نانی کے گاؤں گئی۔ (ماموں / ماں)

(۲) آنگن میں ................ طرف گملے ہیں۔ (چاروں / دونوں)

(۳) کنویں میں ................ اور مینڈک ہیں۔ (مچھلیاں / چڑیاں)

(۴) پیڑ پر ................ کے گھونسلے ہیں۔ (کوّوں / پرندوں)

(۵) شاداں ................ میں نانی کے گھر رہنا پسند کرتی ہے۔ (گرمیوں / سردیوں)

**اساتذہ کے لیے:**

☜ یہاں **نون غنّہ** کا تعارف کرایا گیا ہے۔